www.KitaboSunnat.com

ائمہ و محدثین کی اکثریت کا اس کے ضعف پر اتفاق ہے۔ لہٰذا وہ ضعیف (بلکہ بعض کے نزدیک متروک) قرار پائے گا۔ نتیجتاً اس سلسلہ میں جو حدیث اوپر زیر بحث تھی وہ مجہول اور ضعیف الاسناد رواۃ کی موجودگی کے باعث غیر صحیح ہوگی۔ پس جو لوگ بہ سبب لاعلمی آج تک اس پر عمل کرتے آ رہے ہیں اُن پر اس کا فوری ترک کر دینا واجب ہے۔ هٰذَا مَا عِنْدِي وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِالصَّوَابِ!

شعر و ادب — جناب عبدالرحمٰن عاجز

توبہ توبہ توبہ! ایسی توبہ سے توبہ توبہ!

الفت کا پھل طاعت ہے اور طاعت کا پھل خلد بریں
طاعت کی زینت ہے تقویٰ، تقویٰ ہے حسنِ علم و یقیں

خوابِ گراں سے جاگ مسافر سونا اتنا ٹھیک نہیں
جاگ، سنبھل، اُٹھ نیند کی حالت میں نہ اجل آ جائے کہیں

ظالم ہو اور بچ نکلے وہ نہیں نہیں یہ بات نہیں
مظلوموں کی آہوں سے تھرّا اٹھتا ہے عرشِ بریں

صنعت اس کی قدرت اس کی ہر جا پر ہے جلوہ فشاں
لیکن خود وہ ذاتِ مقدس چشمِ بشر سے پردہ نشیں

روح کی ہو وہ یا کہ بدن کی مخفی ہو یا ظاہر ہو
نسخہ پُر تاثیر ہے ہر بیماری کا قرآنِ مبیں

توبہ توبہ توبہ ایسی توبہ سے توبہ توبہ
لب پر استغفار نہ آنکھوں میں نم اور نہ قلب حزیں

نوعِ بشر میں یکساں ہیں سب علم و عمل میں جدا جدا
ایک بشر ہے خارِ مغیلاں ایک بشر گلزارِ حسیں

جل جاتی ہے نفس کی خواہش ٹل جاتی ہے غفلتِ دل
خوفِ الٰہی ہو جاتا ہے جس دم دل میں گوشہ نشیں

اے عاجزؔ ہے عظمتِ دیں کا وعظ سدا لب پر تیرے
دیں کے خلاف عمل ہے کیوں گر دل میں ترے ہے عظمتِ دیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ